**28-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

1 لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے چناؤ مہم اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے اور پولنگ میں محض تین دن باقی رہ گئے ہیں۔

2 وزیراعظم نریندر مودی نے جھارکھنڈ اور مغربی بنگال میں ریلیاں منعقد کیں۔ کانگریس رہنما پرینکا گاندھی نے ہماچل پردیش میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔

3 میزورم میں بڑے پیمانے پر مٹی کے تودے کھسکنے کے حادثے میں مرنے والوں کی تعداد 23 ہوگئی ہے۔

4 محکمہ موسمیات نے شمال مشرقی ریاستوں اور کیرالہ میں موسلادھار بارش کے لیے خبردار کیا ہے۔ محکمے نے دلی، این سی آر میں، شدید گرمی کے لیے ریڈ الرٹ بھی جاری کیا ہے۔

5 بھارت نے، زمینی تودے کھسکنے کے حادثے سے متاثرہ Papua New Guinea کے لیے دس لاکھ ڈالر کی راحتی امداد کا اعلان کیا ہے۔

6 اور فرینچ اوپن ٹینس میں، روہن بوپنا اور یوکی بھامبری آج رات مردوں کے ڈبلز کے مقابلے میں اپنے کھیل کا آغاز کریں گے۔

---------------------------------

**(Music)**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**FINAL CAMPAIGNING**

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کے لیے چناؤ مہم اپنے عروج پر ہے اور پولنگ میں محض تین دن باقی رہ گئے ہیں۔

اِس مرحلے کے تحت سات ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام ایک علاقے کے 57 پارلیمانی حلقوں میں یکم جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس مرحلے میں کُل 904 امیدوار میدان میں ہیں۔ وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج مغربی بنگال کے شمالی 24 پرگنہ ضلعے میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ اِس موقعے پر جناب مودی نے کہا کہ اُن کی حکومت میں، بدعنوانی بالکل برداشت نہیں ہے۔

S/B - 2100 - PM - WB

وزیراعظم نے کہا کہ کانگریس اور آئی این ڈی آئی اے بلاک، عام لوگوں کی پرواہ نہیں کرتے، وہ محض اپنی پرواہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مغربی بنگال میں Matua برادری کے لوگوں کو، CAA کے تحت شہریت دی جا رہی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ اُن کی حکومت میں خواتین کو بااختیار بنایا جارہا ہے۔

انہوں نے کولکاتہ میں بھی ایک روڈ شو کیا۔

اِس سے پہلے جھارکھنڈ میں دُمکا ہوائی اڈے کے احاطے میں ایک عام ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ چار جون کے بعد، بدعنوان لوگوں کے خلاف کارروائی، اور تیز کی جائے گی۔

بہار میں JDU صدر اور بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار نے اَستھاون میں نالندہ حلقے میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔

BJP رہنما اور مرکزی وزیر نتیانند رائے نے، کاراکاٹ پارلیمانی حلقے کے تحت Barun علاقے میں ایک جلسۂ عام منعقد کیا۔

RJD سربراہ لالو پرساد نے کہا کہ اِس بار، لوک سبھا چناؤ کی لڑائی، ریزرویشن اور بھارتی آئین کو بچانے کے لیے ہے۔ پٹنہ میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 400 سے زیادہ سیٹیں حاصل کرنے کا BJP کا دعوی اِس چناؤ میں چوپٹ ہو جائے گا۔

RJD رہنما تیجسوی پرساد یادو نے، بکسر میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ وہ سسارام، جہان آباد اور پاٹلی پُتر حلقوں میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

اتر پردیش میں وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج، فلم اسٹار اور گورکھپور سے BJP کے امیدوار روی کشن کے لیے چناؤ مہم کی۔

Kampilganj علاقے میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب یوگی نے کہا کہ BJP سرکار نے

غریبوں اور پسماندہ طبقے کے لیے بہت کچھ کیا ہے۔
دوسری طرف سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے کانگریس رہنما راہل گاندھی کے ساتھ مل کر وارانسی کے موہن سرائے علاقے اور بانس گاؤں لوک سبھا حلقے میں سیاسی ریلیوں سے خطاب کیا۔
ہماچل پردیش کے اُونا ضلعے میں گگریٹ کے مقام پر ایک چناؤ ریلی میں کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے BJP حکومت پر الزام لگایا کہ وہ افراط زر اور بے روزگاری کم کرنے میں ناکام رہی ہے۔

S/B - 2100 - New Priyanka - Gagret

انہوں نے، مرکزی حکومت پر پچھلے سال کی قدرتی آفت کو، قدرتی آفت قرار نہ دینے پر اُس کی نکتہ چینی کی۔ سینئر کانگریس رہنما اور وزیراعلیٰ سُکھ وِندر سنگھ سُکّھو اور دیگر رہنماؤں نے بھی ریلی سے خطاب کیا۔
دوسری طرف BJP کے قومی صدر جے پی نڈا نے کِنّور ضلعے میں چھولٹو اور شملہ ضلعے میں تنکھاری اور روہڑو علاقوں میں ریلیوں سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ BJP، ملک میں ایک بار پھر ترقی کا دور شروع کرنے کے لیے ووٹ مانگ رہی ہے۔ جے پی نڈا نے خاص طور پر کہا کہ پچھلے دس سال میں وزیراعظم نریندر مودی نے شہریوں میں ایک نیا جذبہ جگایا ہے اور بہت سی فلاحی اسکیمیں شروع کی ہیں۔×

## PM KANYAKUMARI

وزیراعظم اور سینئر BJP رہنما نریندر مودی اِس مہینے کی 30 تاریخ سے کنیا کماری کا تین روزہ دورہ کریں گے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ جناب مودی، کنیا کماری میں Rock Memorial میں Dhyan Mandapam جائیں گے اور وہاں دھیان کریں گے۔ یہ وہی جگہ ہے جہاں سوامی وویکانند نے دھیان کیا تھا۔ اِس چٹّان کا، سوامی وویکانند کی زندگی میں ایک اہم رول رہا ہے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ گوتم بدھ کی زندگی میں جو سارناتھ کا خصوصی مقام ہے، وہی مقام اِس چٹان کا سوامی وویکانند کی زندگی میں بھی ہے۔
سوامی وویکانند پورے ملک میں گھومنے کے بعد یہاں پہنچے تھے اور انہوں نے یہاں تین دن دھیان کیا تھا، جس کے دوران اُن کے ذہن میں ایک ترقی یافتہ بھارت کا نظریہ پیدا ہوا تھا۔
وزیراعظم نریندر مودی کے اِسی جگہ پر دھیان کرنے سے، ایک وکست بھارت کے، سوامی وویکانند کے نظریے کو دوبارہ زندہ کرنے کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ ×

## MIZORAM ASSAM DEATH

طوفان Remal کی وجہ سے ہو رہی موسلا دھار بارش کے سبب شمال مشرقی بھارت میں معمولاتِ زندگی پوری

طرح مفلوج ہوکر رہی گئی ہے۔ طوفان کی وجہ سے شمال مشرقی بھارت میں زبردست تباہی ہوئی ہے۔ اِس کی وجہ سے میزورم میں 23، آسام میں 3 اور میگھالیہ میں ایک شخص کی موت ہوگئی۔ تیز ہواؤں کے ساتھ ہو رہی بارش کی وجہ سے درخت اور کھمبے اکھڑ گئے اور مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات رونما ہوئے۔ طوفان کی وجہ سے بجلی اور انٹرنیٹ خدمات کی فراہمی میں رخنہ پڑا۔ میزورم میں بڑے پیمانے پر مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات کی وجہ سے 23 لوگوں کی موت ہوگئی۔ یہ واقعہ ریاستی راجدھانی آئزول کے مضافات میں واقع Melthum اور Hlimen کے درمیان اُس وقت پیش آیا جب زبردست بارش کی وجہ سے پتھر کی کان ڈھ گئی۔

اس حادثے میں 9 افراد کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے۔

میزورم کے وزیر اعلیٰ Lalduhoma نے مرنے والے کے افراد خانہ کیلئے چار لاکھ روپے کی مدد کا اعلان کیا ہے۔

آئزول کے مضافات میں واقع Hunthar میں قومی شاہراہ نمبر 6 پر مٹی کے تودے کھسکنے کی وجہ سے ریاستی راجدھانی کا ملک کے دیگر حصوں سے رابطہ منقطع ہوگیا ہے۔ اِس کے علاوہ مختلف ریاستی شاہراہوں پر بھی ٹریفک کی آمد و رفت متاثر رہی۔ ریاستی انتظامیہ صورتحال پر گہری نگاہ رکھے ہوئے ہے اور تیز بارش کی وجہ سے ہوئے نقصان کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

اس دوران موسلا دھار بارش اور تیز ہواؤں کی وجہ سے ریاست کے سبھی اسکول اور سرکاری دفاتر منگل کے روز بند رہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے میزورم میں انسانی جانوں کے نقصان پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

وہیں آسام میں تین لوگوں کی موت ہوگئی اور 17 لوگ زخمی ہوگئے۔ یہ اموات موری گاؤں، کامروپ (میٹرو) اور کامروپ ضلعوں میں ہوئیں۔ قدرتی آفات سے نمٹنے کی آسام کی اتھارٹی، ASDMA کے مطابق سونت پور ضلع کے Dhekiajuli میں ایک اسکول بس پر درخت کے گر جانے سے 12 طلبا زخمی ہوگئے۔ وہیں موری گاؤں میں مختلف واقعات میں 5 افراد زخمی ہوگئے۔ آسام کے وزیر اعلی ہیمنت بسوا سرما نے انسانی جانوں کے اتلاف پر دکھ کا اظہار کیا۔

انھوں نے چیف سکریٹری کو ہدایت دی ہے کہ وہ متاثرہ خاندانوں کی مدد اور زخمیوں کے بروقت علاج کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن امداد فراہم کریں۔ ASDMA نے کہا کہ اِس طوفان سے 14 ضلع متاثر ہوئے ہیں۔

یہ ضلع ہیں: بونگی گاؤں، Chirang، ڈرانگ، ڈُھبری، ہوجائی، کامروپ، کامروپ میٹرو، Karbi Anglong، کوکڑا جھاڑ، موری گاؤں، نگاؤں، سونت پور، جنوبی سلمارا اور مغربی Karbi Anglong۔

میگھالیہ میں Easth Jaintia Hills ضلعے میں ایک دیوار گرجانے سے ایک شخص کی موت ہوگئی۔ ضلع میں مٹی کے تودے گرنے کے واقعے میں چار لوگ زخمی بھی ہوئے ہیں۔ زخمیوں کو اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔x

## ARUNACHAL HEAVY RAINFALL

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اروناچل پردیش کے چار ضلعوں میں ریڈ الرٹ اور گیارہ ضلعوں میں اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V/C - Rakesh Doley

محکمۂ موسمیات نے اروناچل پردیش میں اگلے کچھ دن تک موسلادھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ آج جاری کی گئی ایک رپورٹ میں اُس نے ریاست کے مغربی کامینگ، مشرقی کامینگ، Papum Pare اور Changlang ضلعوں میں ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمے نے بتایا کہ اِن ضلعوں میں الگ الگ جگہوں پر گرج چمک کے ساتھ انتہائی درجے کی موسلادھار بارش بھی ہوسکتی ہے۔ اِس کے علاوہ محکمے نے گیارہ ضلعوں کے لیے اورینج الرٹ اور بقیہ ضلعوں کے لیے Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔

محکمے نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ایسے علاقوں میں نہ جائیں مٹی کے تودے کھسکنے کا اندیشہ ہے اور وہ کمزور بناوٹ والے گھروں میں رہنے سے گریز کریں۔

وزیراعلیٰ پیما کھانڈو نے، ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ہر ایک سے درخواست کی ہے وہ سبھی احتیاطی اقدامات کریں اور اس دوران حساس اور الگ تھلگ جگہوں پر قیام کرنے سے گریز کریں۔ انہوں نے لوگوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ضلع انتظامیہ سے رابطہ قائم کریں۔

ایٹا نگر سے راکیش ڈولے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ..............................

## KERALA RAINS

کیرالہ کے جنوبی علاقوں میں موسلادھار بارش جاری ہے۔ یہاں بڑے پیمانے پر نقصانات کی خبریں ہیں۔

ایک رپورٹ

V/C - Mayusha

محکمہ موسمیات نے، آج کوٹائم اور اِرناکولم ضلعوں میں، ریڈ الرٹ اور پٹھانم تھیٹا، الاپوژا اور اِدکّی ضلعوں کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسلادھار بارش کی وجہ سے، پہاڑی علاقوں میں رات کے سفر اور سیاحتی سرگرمیوں پر

بندش لگا دی گئی ہے۔ کوٹائم، اِڈُّکی اور ترواننت پورم ضلعوں میں مٹی کے تودے کھسکنے کی خبریں ملی ہیں۔ نچلے علاقوں میں، سیلاب آگیا ہے اور کوچی، کوٹائم اور ترواننت پورم، سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ خطے میں راحت کیمپ شروع کر دیئے گئے ہیں۔ ریاست میں اگلے سات دن تک بڑے پیمانے پر بارش جاری رہنے کا امکان ہے۔ ماہی گیروں کو خبردار کیا گیا ہے کہ وہ کیرالہ اور لکشدیپ کے ساحل سمندر نہ جائیں۔ اِسی دوران محکمہ موسمیات نے اگلے تین-چار دن میں کیرالہ میں مانسون آجانے کی پیشگوئی کی ہے۔

ترواننت پورم سے میوشا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ......................

## IMD HEAT WAVE

ملک کے کئی حصے خاص طور پر شمال مغربی حصے ریکارڈ توڑ گرم کی لہر کی گرفت میں ہیں۔ بھارتیہ محکمۂ موسمیات کے مطابق، رجستھان کے چورو ضلع میں درجۂ حرارت 50 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا جو پورے ملک میں آج کا سب سے زیادہ درجہ حرارت ہے۔ اس دوران، دلی کے Mungeshpur علاقے میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 49 اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا۔ جوکہ قومی راجدھانی میں اس سیزن کا سب سے زیادہ درجۂ حرارت ہے۔

بھارتیہ محکمہ موسمیات کے سائنس داں ڈاکٹر آر کے جینامنی نے آکاشوانی سے ایک خصوصی بات چیت میں کہا کہ اگلے دو دن میں شمال مغربی حصے میں گرم لہر کے حالات برقرار رہیں گے۔ اس کے بعد کچھ راحت کا امکان ہے۔

راجستھان، پنجاب، چنڈی گڑھ، دلی اور اترپردیش میں درجہ حرارت معمول سے چار سے چھ ڈگری سیلسیئس سے زیادہ ہے۔

اس دوران جنوبی مغربی مانسون، جنوبی بحیرۂ عرب کے کچھ حصوں میں مزید پیش رفت کر گیا ہے جبکہ سمندری طوفان ریمل کے سبب شمال مشرقی ریاستوں میں موسلادھار بارش کا سلسلہ جاری ہے۔×

## NAXAL SURRENDER

مہاراشٹر کے گڈ چرولی میں آج ایک ماؤنواز نے سینٹرل ریزرو پولیس فورس، CRPF کے سامنے خود سپردگی کردی۔

35 سالہ یہ ماؤنواز، چھتیس گڑھ ریاست میں 2017 میں ماؤنوازوں کی سپلائی کمیٹی میں شامل ہوا تھا۔

مہاراشٹر حکومت نے اِس پر 5 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا تھا۔
گزشتہ 2 سال کے دوران 22 ماؤنوازوں نے گڈچرولی پولیس کے سامنے ہتھیار ڈالے ہیں۔ x

## INDIA LIBIYA

بھارت اور لیبیا نے آج دو طرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی غرض سے مختلف باہمی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ امور خارجہ کے وزیرمملکت وی مرلی دھرن نے آج نئی دلی میں لیبیا کے سیاسی امور پر نائب وزیر جناب ایچ ای محمدخلیل عیسیٰ سے ملاقات کی۔ جناب مرلی دھرن نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے مطلع کیا کہ میٹنگ کے دوران طرفین نے دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دینے کی غرض سے مستقبل کے اقدامات کی نشاندہی کی۔×

## SAVARKAR PARLIAMENT

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے آج سوامی دھام سدن کے وسطی ہال میں سوتنتریہ ویر وِنا یک دامودر ساورکر کو اُن کے یوم پیدائش پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔
راجیہ سبھا کے نائب چیئرمین ہری ونش، پارلیمنٹ کے ارکان اور سابق ارکان، راجیہ سبھا کے سکریٹری جنرل پی سی مودی اور دیگر شخصیتوں نے بھی آنجہانی ساورکر کو گلہائے عقیدت نذر کیے۔×

## NIA ARREST

قومی جانچ ایجنسی NIA نے بردہ فروشی اور سائبر دھوکہ دہی میں ملوث ایک منظّم گروہ کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے پانچ افراد کو حراست میں لیا ہے۔ ریاستی پولیس کے تعاون سے چھ ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے علاقوں میں اس سلسلے میں مشترکہ کارروائی کی گئی اور 15 مقامات کی تلاشی لی گئی۔ اس سلسلے میں وڈودرہ، گوپال گنج، جنوب مغربی دلی، گروگرام اور چنڈی گڑھ سے گرفتاریاں کی گئیں۔ جن افراد کو گرفتار کیا گیا ہے وہ ایک نیٹ ورک کا حصہ تھے، جو ہندوستانی نوجوانوں کو ملازمت کے جھوٹے وعدے کرکے اور انھیں سبز باغ دکھاکر بیرون ملک بھیجا کرتا تھا۔ x

## DETAILED STOCKS

بھارتی عدد اشاریہ کے کل کے کاروبار میں ریکارڈ بلندی پر پہنچنے کے بعد اب یہ ٹھہراؤ کا انداز اختیار کرگیا ہے۔ مثبت شروعات کے باوجود پورے کاروباری سیشن کے دوران منڈی میں منافع اور نقصان کا اتار چڑھاؤ دیکھا گیا۔

البتہ آخری گھنٹے میں فروخت کے سبب اشاریہ جات آج کے سب سے کم پوائنٹس پر آ گیا۔ آج شیئر مارکیٹ میں کاروبار بند ہونے تک سینسیکس کم ہو کر 220 پوائنٹ یا صفر اعشاریہ دو-نو فیصد یعنی 75 ہزار 170 پر آ گیا جبکہ نفٹی بھی 44 پوائنٹ یا صفر اعشاریہ ایک-نو فیصد کی کمی کے ساتھ 22 ہزار 888 پر بند ہوا۔ سینسیکس basket سے ایشین پینٹس، Wipro اور JSW اسٹیل کے حصص کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ اس کے برعکس پاور گرڈ، NTPC اور ٹاٹا موٹرس کے حصص کی قیمتوں میں نمایاں کمی آئی۔ x

## INDONESIA LANDSLIDE

انڈونیشیا کے مشرقی صوبے West Papua میں طوفانی بارش کے بعد مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات میں کم سے کم چار افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ آفات کے بندوبست کی قومی ایجنسی کے ایک بیان کے مطابق Arfak پہاڑی سلسلے میں ہوئے ان واقعات میں ایک شخص کو بچا لیا گیا ہے۔

ایجنسی کے ترجمان کے مطابق بچاؤ کارروائی مکمل ہوگئی ہے۔ البتہ Arfak پہاڑوں میں مٹی کے تودے کھسکنے کا خطرہ اب بھی برقرار ہے کیونکہ اگلے کچھ دنوں میں مزید موسلا دھار بارش کا اندیشہ ہے۔ بچاؤ کارکنٔں کو چوکس رہنے کیلئے کہا گیا ہے جبکہ شدید بارش ہونے کی صورت میں مقامی افراد سے محفوظ مقامات پر چلے جانے کیلئے کہا گیا ہے۔

x

## FRENCH OPEN

پیرس میں جاری فرینچ اوپن ٹینس میں مردوں کے ڈبلز کے پہلے دور میں بھارت کے روہن بوپنا اور یوکی بھامبری اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔ دوسرے درجے کے کھلاڑی بوپنا آسٹریلیا کے اپنے ساتھی کھلاڑی Matthew Ebden کے ساتھ فن لینڈ Emil Ruusuvori اور ہنگری کے Marton Fucsovis کا مقابلہ کریں گے۔ غیر معروف کھلاڑی بھامبری اور فرانس کے Albano Olivetti روس کے Roman Safiullin اور آسٹریلیا کے John Peers کا سامنا کریں گے۔ x

☆☆☆☆☆